106560-احرام کی حالت میں ماسک پہننا

سوال

کیا محرم شخص کے لیے احرام کی حالت میں ماسک پہننا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

ضرورت کی بنا پر محرم شخص کے لیے ماسک پہننے میں کوئی حرج نہیں، مثلا کسی انسان کو ناک کی الرجی ہو اور وہ ماسک کا محتاج ہو تو وہ حالت احرام میں ماسک استعمال کر سکتا ہے، یا پھر بہت زیادہ کثیف دھواں گزر رہا ہو اور یہاں ماسک کی ضرورت ہو تو بھی استعمال کیا جا سکتا ہے یا پھر کہیں سے گزرے تو بدبو آ رہی ہو اور ماسک کی ضرورت پیش ہو تو اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں "انتہی.

مجموع فتاوی ابن عثیمین (22/130-131).